## پاکستان میں فرسودہ نظام کی محافظ قوتیں اوراسٹیبلشمنٹ کے بعض عناصر ہمیں واپس مہاجروں تک محدود کرکے عوامی انقلاب برپا کرنے کی جدوجہد کو ہمیشہ کیلئے ختم کردینا چاہتے ہیں۔الطاف حسین

## ایک مرتبہ پھراردو بولنے والوں کو ہر سطح پر پورے ملک سے کاٹنے اورانہیں صفحہ ہستی سے مٹانے کی سازش کی جارہی ہے

## سازشی ہتھکنڈوں سے ڈرنے اور گھبرانے والے نہیں ہیں، جرات مندی سے ہر سازش کا مقابلہ کریں گے

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی، تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔23جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہم نے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اورغریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب برپا کرنے کیلئے ایم کیوایم کو متحدہ قومی موومنٹ میں تبدیل کیا لیکن جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ اورسرمایہ دارانہ نظام کی محافظ قوتیں، نام نہاد مذہبی جماعتیں اوراسٹیبلشمنٹ کے بعض عناصر ایک نئی سازش کے ذریعے ہمیں واپس مہاجروں تک محدود کرکے عوامی انقلاب کی اس جدوجہد کوختم کردینا چاہتے ہیں۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی اورتمام تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم دشمن عناصر نے ماضی میں بھی ایم کیوایم کوختم کرنے کیلئے مہاجروں یا اردو بولنے والی طبقہءآبادی کو ملک کی تمام قومیتوں اور برادریوں کے عوام سے کاٹنے کی سازش کی تھی لیکن تمام تر سازشوں اورریاستی مظالم کے باوجود ایم کیوایم کوختم نہیں کیا جاسکا اورایم کیوایم پورے ملک میں پھیل گئی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے حقیقت پسندی اورعملیت پسندی کا صرف انقلابی فکرو فلسفہ پیش ہی نہیں کیا بلکہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو سینیٹ اورقومی وصوبائی اسمبلیوں کے ایوانوں میں بھیجا اورملک میں آنے والی ہر قدرتی وآسمانی آفات سے متاثر ہونے والوں خواہ وہ 8اکتوبر 2005ءکو قیامت خیز زلزلہ ہو یا صوبہ سندھ، بلوچستان اورصوبہ سرحد میں سیلاب سے متاثر ہونے والے عوام کی امداد کا مسئلہ ہو، ہر قدرتی آفات کے متاثرین کی متحدہ قومی موومنٹ اوراسکے کارکنان نے جس طرح بڑھ چڑھ کر عملی مدد کی، میں دعوے سے کہتا ہوں کہ اس طرح پاکستان کی کسی سیاسی یا مذہبی جماعت نے مدد نہیں کی۔ایم کیوایم کے اس عمل وکردار کو دیکھ کر ملک بھر کے عوام تیزی سے ایم کیوایم کے قافلے میں شامل ہونے لگے اورایم کیوایم پورے ملک میں پھیل گئی۔انہوں نے کہا کہ ہم نے فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کو متحدہ قومی موومنٹ میں تبدیل کیا اوراپنے عمل سے ثابت کیا کہ ایم کیوایم ایک سچی جمہوریت پسند، لبرل، مذہبی رواداری اورانسانیت الطاف حسین/ ایم کیوایم کے ونگز اور شعبہ جات سے خطاب کی خدمت پر یقین رکھنے والی عوامی جماعت ہے، لیکن وہ قوتیں جو پاکستان میں گلے سڑے فرسودہ نظام کی محافظ ہیں انہیں مختلف زبانیں بولنے والے، مختلف نسلی ولسانی برادریوں اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام کا متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے متحد ہونا ایک آنکھ نہیں بھارہا ہے اسی لئے وہ ہمیں واپس مہاجروں تک محدود کرکے ملک میں عوامی انقلاب برپا کرنے کی اس جدوجہد کو ہمیشہ کیلئے ختم کردینا چاہتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ 12مئی کا واقعہ بھی اسی سازش کا حصہ تھا جس کولسانی رنگ دینے کی کوشش کی گئی اوراس کو جواز بناکر ایم کیوایم کو سندھ سمیت پورے ملک میں دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا اوراسکے ساتھ نفرت انگیز اور متعصّبانہ سلوک کیا گیا جو آج بھی جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو مٹانے کی گھناؤنی سازش کے تحت ایم کیوایم دشمن قوتیں کراچی سے خیبر تک دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام میں ایم کیوایم خصوصاً اردو بولنے والوں کے خلاف نفرت پیدا کرنے کی کوشش کررہی ہیں اس طرح ایک مرتبہ پھر اردو بولنے والوں کو ہر سطح پر پورے ملک سے کاٹنے اورانہیں صفحہ ہستی سے مٹانے کی سازش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ اس سازش کو مذہبی رنگ دیا جارہا ہے اور سادہ لوح عوام میں یہ منفی پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے کہ ایم کیوایم اوراسکے کارکنان وعوام مذہب کے خلاف ہیں لہٰذا انہیں ختم کردینا چاہیے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم نے ماضی میں بھی کئی بار ایسی گھناؤنی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے اور ہر طرح کے مظالم سہے ہیں اوراگر آج بھی کوئی یہ سمجھتا ہے کہ اس قسم کی سازشوں کے ذریعے ہمیں ختم کردیا جائے گا تو یہ اسکی بھول ہے، ہم سازشی ہتھکنڈوں سے ڈرنے اورگھبرانے والے نہیں ہیں بلکہ ہم جرات مندی سے ہر سازش کا مقابلہ کرینگے اوراپنی حق پرستانہ جدوجہد سے دستبردار نہیں ہونگے۔جناب الطاف حسین نے تمام تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان پر زوردیا کہ وہ کارکنوں اور عوام کو تحریک کے خلاف کی جانے والی ان سازشوں سے آگاہ کریں اوراپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کے پنجابی، پختون، بلوچ، سندھی، سرائیکی، کشمیری، گلگتی، ہزارے وال، ہندکو، دیگر قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے تنظیمی ذمہ داروں نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم دشمن قوتوں کا کوئی بھی سازشی ہتھکنڈہ انہیں ایم کیوایم سے الگ نہیں کرسکتا اوروہ اردو بولنے والے ساتھیوں کے ساتھ ملکر ان سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرینگے اوراپنے اتحاد سے ان گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں گے اوراگر اس مرتبہ سازشوں کے ذریعے اردو بولنے والوں کا لہو بہایا گیا تو ان کا لہو بھی اردو بولنے والوں کے لہو میں شامل ہوگا۔

## دادو کی تحصیل میہڑ میں سیلابی ریلے سے متاثرہ افراد کیلئے ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیاں

## یوسی فرید آباد اور یوسی خان محمد کے متعدد گاؤں کے متاثرین میں غذائی اجناس اور امدادی اشیاء تقسیم کی گئیں

دادو۔۔۔23، جولائی 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلابی ریلے سے متاثرہ ضلع دادو کی تحصل میہڑ میں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے تحصیل میہڑ کے علاقے فرید آباد اور خان محمد کے متعدد گاؤں میں سیلابی ریلے سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے ایک ٹرک پر مشتمل غذائی اجناس اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی حسین بخش سولنگی اور ایم کیو ایم دادو کی زونل کمیٹی کے اراکین نے امدادی ٹیم کے ارکان کے ہمراہ متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور سیلابی ریلے سے متاثرہ خدانانوں میں غذائی اجناس اور روزمرہ استعمال کی اشیاء تقسیم کی۔اس موقع پر متاثرہ خاندانوں نے ایم کیو ایم کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے امدادی اشیاء کی فراہمی پر حق پرست نمائندوں سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## شاہ فیصل، بلدیہ ٹاؤن سیکٹرز اور شکار پور زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 103 کے شہید کارکن تاشفین احمد کے والد اظہار احمد، ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن یوسف خان کی والدہ محترمہ زینب بی بی، ایم کیو ایم شکار پور زون یونٹ 5 سٹی کے کارکن آفتاب چنہ کی والدہ اور شاہ فیصل کالونی یوسی 2 کے حق پرست جنرل کونسلر رئیس احمد کے والد ماسٹر ممتاز احمد انصاری کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## بلوچستان اور سندھ کے سیلاب زدگان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کی امدادی سرگرمیاں

## شہریوں کی جانب سے ریلیف کیمپ پر جمع کرائی جانے والی امدادی اشیاء کی مرکزی دفتر میں پیکنگ کا سلسلہ جاری

حیدرآباد۔۔۔23، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے مرکزی دفتر میں سندھ اور بلوچستان کے سیلابی ریلے سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے غذائی اجناس اور امدادی سامان کی پیکنگ کا سلسلہ جاری ہے اور مرکزی دفتر میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار اور ایم کیو ایم کے کارکنان امدادی اشیاء کی پیکنگ میں مصروف ہیں۔تفصیلات کے مطابق بلوچستان اور سندھ میں سیلابی ریلے سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کی جانب سے امدادی اشیاء جمع کرنے کا سلسلہ جاری ہے اور شہریوں کی جانب سے بڑی تعداد میں مرکزی ریلیف کیمپ میں غذائی اجناس اور دیگر امدادی اشیاء جمع کرائی جارہی ہیں۔اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے مرکزی دفتر میں شہریوں کی جانب سے عطیہ کی جانے والی غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان کی پیکنگ کا سلسلہ جاری ہے جنہیں بعدازاں ٹرکوں کے ذریعے متاثرہ علاقوں میں روانہ کردیا جائے گا۔واضح رہے کہ بلوچستان اور سندھ میں سیلابی ریلے سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے اب تک خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کی جانب سے امدادی اشیاء پر مشتمل متعدد ٹرک روانہ کیے جاچکے ہیں۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اور اشفاق منگی نے گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا اور سیلاب زدگان کی امداد کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیوں پر دن رات کام کرنے والے کارکنان اور رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور سیلاب زدگان کیلئے ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیاں سیاست برائے خدمت کی زندہ مثال ہے۔

☆☆☆☆☆